# کیلنڈر جنوری 2021

## 1 جنوری جُمعہ مقدسہ مریم خُدا کی ماں کی عید

عدد 6 : 22 - 27 زبور 66 غلاطیوں 4 : 4 - 7 لوقا 2 : 16 -21

**اور مریم اِن سب باتوں کو حفظ کر کے اُن پر اپنے دِل میں غور کرتی رہی۔ لوقا 2 : 19**

ہم یسوع، کامل خُدا اور کامل انسان کی ماں مقدسہ مریم کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ وہ ایک خاموش طبع خاتون، اِیمان، حلیمی اور محبت سے بھرپور تھی۔ وہ ہمیں نیکیوں میں بڑھنے، خُدا کے کلام کو اپنے دل میں رکھنے اور سب کُچھ جو وہ ہمارے لئے کرتا ہے اُسے یاد رکھنے میں ہماری مدد کرتی ہے اور وہ اِس نئے سال میں ہر روز خُدا کی مرضی کو پورا کرنے میں ہماری مدد کرے گی۔

## 2 جنوری ہفتہ مقدس بیزل اعظم مقدس گریگوری نازیانسین

1- یوحنا 2 : 22 - 28 زبور 97 یوحنا 1 : 19 - 28

**اَب اَے بچو! تم اُس میں قائم رہو۔ 1- یوحنا 2 : 28**

مسیح میں رہنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ہم مقدسہ مریم کا نمونہ اپنائیں۔کل ہم نے دیکھا کہ وہ سب باتوں کو، جو اُس کی زندگی میں مسیح کی موجودگی سے منسلک ہیں، اپنے دل میں رکھ کر اُن پر غور کرتی ہے۔ مسیح میں رہنے سے مراد ہے کہ ہم اُس کی موجودگی کو ہمیشہ اپنی زندگی میں قائم رکھیں۔ لہذا جب یوحنا بپتسمہ دینے والا سوال کرے گا کہ "تم کون ہو؟" تو میں خوشی سے جواب دینے کے قابل ہوں گا کہ "میں مسیح کا، مسیح کے ساتھ اور مسیح میں ہوں"۔

## 3 جنوری کرسمس کے بعد دوسرا اتوار یسوع کے پاک نام کی عید

یشوع بن سراخ 28 : 1-8,2-12 زبور 97 افسیوں 1 : 3-15,6-18 یوحنا 1 : 1-18

**اُس کی معموری میں سے ہم سب نے پایا، یعنی فضل پر فضل۔ یوحنا 1 : 16**

اگر ہم خاموشی اور دُعا میں دھیان و گیان کریں تو ہم اِن الفاظ کی حقیقت جان جائیں گے۔ مسیح میں ایمان کا تحفہ، اُس کی کلیسیاء کو دیئے جانے والے ساکرامنٹوں کا تحفہ، خُدا کے فرزند اور مسیح کے بہن بھائیوں کی مانند زندگی گُزارنے کا تُحفہ یہ وہ فضائل ہیں جو یسوع مسیح ہر روز ہمیں عطا کرتا ہے۔

اے مسیح یسوع تیرا شکر ہو۔

## 4 جنوری سوموار مقدسہ انجلادے فولینیو مقدسہ الزبتھ سیتون مقدس اقوبلیو

1- یوحنا 3 : 7-10 زبور 97 یوحنا 1 : 35-42

**جو کوئی صداقت پر عمل کرتا ہے وہ صادق ہے۔ جیسے کہ مسیح خُداوند صادق ہے۔ 1- یوحنا 3 :7**

مَیں سوچتا تھا کہ سب کام درست طور پر کرنا ہی عملی صداقت ہے اور سب کُچھ درست طور پر کرنے کے قابل نہ ہونے پر مَیں افسردہ اور مایوس ہو جاتا۔ ایک اعتکاف کے دوران مسیح کے شاگرد نے واضح کیا کہ صادق وہ ہے جو خُدا کے سامنے درست جگہ پر ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو حلیمی سے پیارے فرزند کی طرح خُدا کی مرضی پوری کرتا ہے۔ اے خُدا کے اکلوتے بیٹے یسوع مسیح، میں تیرا شکرگزار ہوں کہ تو میری زندگی میں حقیقی صداقت لایا ہے۔

## 5 جنوری منگل　　مقدسہ امیلیا　　مبارک ماریا ریپوتو مقدس جان نیومان

1- یوحنا 3 : 11-21　　زبور 99　　یوحنا 1 : 43-51

**جو محبت نہیں رکھتا وہ موت کی حالت میں رہتا ہے۔ 1- یوحنا 14:3**

یسوع کو دیکھتے ہوئے ہم روح القدس کی مدد سے یہ دریافت کرتے ہیں کہ مُحبت کا کیا مطلب ہے جیسے کہ اناجیل میں بیان کیا گیا ہے۔ مسیح کی قربت ہمیں طاقت بخشتی ہے اور ہمیں اس قابل بناتی ہے کہ ہم حقیقی پیار کر سکیں۔ اے یسوع تو جو حقیقی زندگی کا چشمہ ہے، جس نے موت پر فتح پائی، تیرا شکر ہو۔

## 6 جنوری بدھ　　عیدِ ظہور　　مجوسیوں کی عید

اشعیا 60 : 1-6　　زبور 71　　افسیوں 3 : 2-3 ,5-6　　متی 2 : 1-12

**اُنھوں نے اپنے ڈبے کھول کر سونا، لوبان اور مُر اُسے نذر گزرانا۔ متی 11:2**

آئیں ہم مسیح یسوع کی طرف دیکھیں جس نے اپنے آپ کو اُن تمام لوگوں پر ظاہر کیا جن کی نمائندگی مجُوسیوں نے کی تھی۔ وہ اُس سے ملے، اُسے سجدہ کیا اور بھرپور خوشی سے دولت، عزت اور جلال اُسے نذر کیا۔ مسیح کو سجدہ کرتے ہوئے اور وفاداری سے اپنی زندگی پیش کرتے ہوئے مَیں اور آپ بھی اُسے اُن لوگوں پر ظاہر کر سکتے ہیں جن سے ہم ملتے ہیں۔

## 7 جنوری جُمعرات　　مقدس لوسیانو　　مقدس ریمنڈ آف پینا فورٹ

1- یوحنا 3:22-4:6　　زبور 2　　متی 4:12-17:23-25

**توبہ کرو۔ کیونکہ آسمان کی بادشاہی نزدیک آ گئی ہے۔ متی 17:4**

توبہ اور تبدیلی یسوع مسیح کے دو ایسے الفاظ ہیں جو ہمیں سوچنے اور عمل کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ دن کے دوران مَیں خدا کے کلام پر غور کرتا ہوں، خاموشی کے چند لمحات میں یا پھر کوئی ایسا کام کرتے ہوئے جس کے لئے زیادہ توجہ درکار نہ ہو۔ مَیں یسوع کا اِس تبدیلی کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں جو مُجھ میں واقع ہو رہی ہے اور جو مُجھے مسیح کی قربت میں بڑھنے میں مدد دیتی ہے۔

## 8 جنوری جُمعہ　　مقدس سیویرینو

1- یوحنا 4 : 7-10　　زبور 71　　مرقس 6 : 34-44

**تُم ہی اُنھیں کھانے کو دو۔ مرقس 6 : 37**

یسوع نے اپنے شاگردوں کو بتایا کہ اُنہیں کیا کرنا ہے۔ جو شاید اُنہوں نے پہلے کبھی سوچا اور نہ ہی محسوس کیا کہ وہ یہ سب کُچھ کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ''تُم ہی اُنہیں کھانے کو دو''۔ اُنہیں ایسا کرنا ہی تھا کیونکہ خُدا مُحبت ہے۔ اور وہ یہ کر سکتے تھے کیونکہ یسوع مسیح نے خدا باپ کے تحفہ کے طور پر اپنا آپ تمام بنی نوع انسان کے لئے اُن کے ہاتھوں میں زندہ روٹی کی مانند دے دیا۔

## 9 جنوری ہفتہ مقدس جولیانو مقدس سین اگاتا ہئی اور ٹریساکم

1-یوحنا 4 : 11-18 زبور 71 مرقس 6 : 45-52

**یسوع کشتی پر اُن کے پاس آیا اور ہَوا تھم گئی۔ مرقس 6 : 51**

کتنی بار میں نے اپنے آپ کو مشکل میں پایا اور مَیں مشکل حالات میں لوگوں سے ملا! اے یسوع میں تیرا شکر کرتا ہوں کہ تو ہمیشہ ہمارے ساتھ ہے اور اِسی لئے مَیں اپنے اور اُن لوگوں کے لئے جو اُن لمحات میں مشکلات سے دوچار تھے، تیری مدد مانگنے کے قابل تھا۔ اے خدا مَیں تیرا شکر ادا کرتا ہوں کہ دُعاؤں میں تیری لگاتار موجودگی نے ہماری مدد کی۔

## 10 جنوری اتوار مسیح یسوع کے اصطباغ کی عید مقدس الدو

اشعیا 55 : 1-11 1- یوحنا 5 : 1-9 مرقس 1 : 7-11

**تُو میرا بیٹا ہے المحبُوب تجھ سے مَیں خوش ہوں۔ مرقس 1 : 11**

جب یسوع نے گُنہگاروں کی طرح یوحنا سے بپتسمہ پایا تو آسمان سے باپ کی آواز آئی "تُو میرا بیٹا ہے المحبُوب تُجھ سے مَیں خوش ہوں"۔ باپ یسوع سے خُوش ہے کیونکہ وہ ہمیشہ مُحبت سے اُس کی مرضی کو پورا کرتا ہے۔ اسی طرح ہم مسیحی خدا باپ کو خُوش کر سکتے ہیں اگر ہم مسیح کی پیروی کرتے ہوئے فرزندوں کی طرح زندگی گُزاریں۔

## 11 جنوری سوموار مقدس انجیلو پوپ

عبرانیوں 1 : 1-6 زبور 96 مرقس 1 : 14-20

**یسوع نے فوراً اُنہیں بُلایا۔ مرقس 1 : 20**

یسوع ہمیشہ دُعا کرتا، باپ کی سُنتا اور اُس کے ساتھ مُحبت میں ہر چیز اور ہر انسان کو جانچتا ہے۔ وہ اُن کی تلاش میں رہتا ہے جو اُس کی بادشاہی کو پھیلانے کے لئے اُس سے تعاون کرنے پر آمادہ ہوں۔ جب کوئی مسیحت کو قبول کرتا ہے تو وہ مسیح یسوع سے تعاون کے لئے بُلایا جاتا ہے۔ اے روحِ القدس ہم تیرے شکر گزار ہیں کہ تو ہمیشہ یسوع کی پیروی کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔

## 12 جنوری منگل مقدس سہ ویرونیکا

عبرانیوں 2 : 5-12 زبور 8 مرقس 1 : 21-28

**یسوع کی شہرت جلیل کے سارے علاقے میں پھیل گئی۔ مرقس 1: 28**

یسوع عبادت خانہ میں گیا جہاں یہودی خُدا کا کلام سُننے کے لئے جمع ہوئے تھے۔ ہفتے کے روز جب وہ خُدا کے کلام کی وضاحت کر رہا تھا تو اُس نے ایک آدمی سے بدروح نکالی اور وہ آزاد ہو گیا۔ ہر کوئی حیرت زدہ تھا کیونکہ اُس نے ایک نئے اور خوبصورت انداز میں تعلیم دی جو اَمن اور خُدا پر بھروسہ منتقل کرتا تھا۔ اِس طرح اُس کی شہرت تمام علاقہ میں پھیل گئی۔ اے مسیح تیرا شکر ہو کہ تو آج بھی اپنی کلیسیاء میں موجود ہے۔

**13 جنوری بدھ          مقدس الاریو بشپ اور ڈاکٹر       مقدس ہلاری اُسقف معظم کلیسیا**

عبرانیوں 2 : 14-18      زبور 104      مرقس 1 : 29-39

**مجھے سب ڈھونڈ رہے ہیں۔ مرقس 1 : 37**

یسوع بیت الحم کے ایک غریب خاندان میں پیدا ہوا اور ناصرت میں ایک فرمانبردار بیٹے کی طرح زندگی گزارتے ہوئے اپنا مشن پورا کیا۔ وہ وقت ضائع کئے بغیر اور بڑی محنت اور لگن سے باپ کی مُحبت کی خُوشخبری دینے کے لئے ایک شہر سے دوسرے شہر پھرتا رہا۔ دُعا اُس کی طاقت تھی یہی وجہ ہے کہ ہر کوئی اُس کی تلاش میں تھا۔ اُس کے بغیر کوئی بھی حقیقی زندگی نہیں رکھتا۔

**14 جنوری جُمعرات          مقدس جیوانی اے فارینہ       مقدس موڈیسٹو**

عبرانیوں 3: 7-14      زبور 94      مرقس 1: 40-45

**مسیح باہر ویران جگہوں میں رہا۔ مرقس 1: 45**

کوڑھی کو شفا دینے سے یسوع کی شہرت پھیل گئی اور اُس کے نتیجے میں لوگوں میں تجسس اور خوف پیدا ہوا کہ کوڑھی کو چھونے سے یسوع ناپاک ہو گیا ہے اسلئے وہ کچھ عرصہ کے لئے ویران جگہ میں رہے۔ اگر کوئی سنجیدگی سے یسوع سے ملنے کی خواہش رکھتا ہے تو وہ لوگوں کی باتوں کی پرواہ کئے بغیر یسوع کی طرف قدم بڑھائے گا اور اُس کی آواز کو سُنے گا جو دل میں اُترتی ہے۔

**15 جنوری جُمعہ          مقدس رومیڈیو اریمیا       مقدس آرنلڈ جانسن**

عبرانیوں 4 : 1-5      زبور 77      مرقس 2 : 1-12

**اُٹھ اپنی چارپائی اُٹھا کر اپنے گھر چلا جا۔ مرقس 2 : 11**

یسوع ایک گھر میں موجود ہے اور اُس کے اردگرد بہت سے لوگ ہیں اور وہ ایک مفلوج کو دیکھتا ہے جس کو چار آدمیوں نے چھت کھول کر رسی کی مدد سے اُوپر سے لٹکایا۔ یسوع نے اُن کا ایمان دیکھا، اُس بیمار شخص کو گُناہوں کی معافی بخشی اور اپنا اختیار استعمال کرتے ہوئے کوڑھی کو شفا بخشی۔ اے یسوع تیری مُحبت گہری اور عظیم ہے۔ تُو صرف ہماری جسمانی بیماری ہی نہیں دیکھتا بلکہ روحانی شفا بھی بخشتا ہے۔

**16 جنوری ہفتہ          مقدس ٹسیانو بشپ       مقدس مارسیلو پوپ**

عبرانیوں 4 : 12-16      زبور 18      مرقس 2 : 13-17

**اور سارا ہجوم اُس کے پاس آیا اور وہ اُنھیں تعلیم دینے لگا۔ مرقس 2 : 13**

یسوع، تیری شفقت اور حکمت کبھی کم نہیں ہوتی۔ تُو لگاتار ہمیں بہتر زندگی گزارنا اور اچھے تعلقات کو قائم رکھنا سکھاتا ہے۔ تُو یہ اپنی کلیسیاء میں سرانجام دیتا ہے! میں بھی تیرے پاس آتا ہوں کہ تُو مُجھے تراشے۔ مَیں جان چُکا ہوں کہ صرف تُو ہی میری زندگی کو خوبصورت، پاکیزہ اور خوشگوار بناتا ہے۔

## 17 جنوری    سال کے دوران دوسرا اتوار    مقدس انتھونی ایبٹ

1- سیموئیل 3 : 3-10,19    زبور 39    1- قرنتھیوں 6 : 13-15,17-20    یوحنا 1 : 35-42

**یسوع نے مُڑ کر دیکھا اور اُن سے کہا تُم کیا ڈھونڈتے ہو؟    یوحنا 1 : 38**

مَیں بھی یسوع کی تلاش میں تھا۔ جب مَیں نے یسوع کو پایا اور اُسے اپنی زندگی دی تُو میری تلاش ختم ہوئی۔ مَیں ابھی بھی ہر روز ایسا کرتا ہوں، اسی لئے مُجھے خوشی ہوتی ہے کہ وہ مُجھے پوچھتا رہتا ہے: ''تُم کیا ڈھونڈتے ہو؟' میرا غرور مُجھے میرے جلال کی تلاش کی طرف لیجا سکتا ہے۔۔۔۔۔

## 18 جنوری سوموار    بین الکلیسیائی اتحاد کا ہفتہ    مقدسہ پریسکا کنواری

عبرانیوں 5 : 1-10    زبور 109    مرقس 2 : 18-22

**تُو میرا بیٹا ہے۔ آج ہی تُو مجھ سے پیدا ہُوا ہے۔    عبرانیوں 5 : 5**

عبرانیوں کے نام لکھے گئے خط میں زبور نمبر 2 کا حوالہ دیا گیا ہے جس میں خُدا کا بیٹا کہلانے والے بادشاہ کی تاج پوشی کا ذکر ہے۔ یسوع حقیقی بادشاہ اور باپ کا حقیقی بیٹا ہے جو اپنے بھائیوں کے لئے کاہنِ اعظم کی مانند سفارش کرتا ہے۔ آج ہم دُعا گو ہیں کہ خدا مسیحیوں کے مابین تفرقوں کو مٹائے تا کہ دُنیا میں اُس کی محبت کی گواہی دے سکیں۔

## 19 جنوری منگل    مقدس ماریو مارٹ

عبرانیوں 6 : 10-20    زبور 110    مرقس 2 : 23-28

**ابنِ انسان سبت کا بھی مالک ہے۔    مرقس 2: 28**

کیا آپ نے یسوع کو اپنے دِل میں اوّل مقام دینے کی کوشش کی ہے؟ کیا آپ نے ایک لمحہ اُس کی آنکھوں کے سامنے رہنے کی کوشش کی ہے؟ لہذا آپ نے یقینی طور پر ایک عظیم آزادی کو جانا، اور اُس کے احکامات پر عمل کرنے میں بڑی حکمت سے لطف اندوز ہونا شروع کیا ہوگا۔ آپ ایک بچے کی طرح اعتماد کے ساتھ روح القدس کی مُحبت اور خوشی کی زندگی گُزارنا جانتے ہیں۔

## 20 جنوری بدھ    مقدس فیبیَن اور مقدس سیبسٹین

عبرانیوں 7 : 1-3; 15-17    زبور 109    مرقس 3 : 1-16

**بیچ میں کھڑا ہو جا۔    مرقس 3 : 3**

خُدا نے مُجھے جانچنا سکھایا ہے۔ بیچ میں ہمیشہ وہ شخص کھڑا ہوتا ہے جس کو خُدا پیار کرتا ہے۔ اُس کے لئے نہ کوئی اصول اور نہ ہی کسی مفاد کو مدِ نظر رکھا جاتا ہے۔ میرا معیار ہمیشہ یسوع کا ہے جو انسان کے لئے باپ کا ہے۔

## 21 جنوری جمعرات                مقدسہ ایگنس کنواری شہید

عبرانیوں 7 : 25-8 : 6      زبور 39      مرقس 3 : 7-12

**جتنے بیماریوں میں مُبتلا تھے وہ اُس پر گرے پڑتے تھے کہ اُسے چُھو لیں۔    مرقس 3 : 10**

ہجوم یسوع کی تلاش میں تھا اور اُنہوں نے مسیح میں حقیقی حکمت اور شفا پائی۔ بیماروں کا اِیمان تھا کہ صرف یسوع کے چھونے ہی سے وہ شفایاب ہو نگے اور ایسا ہی ہوا۔ اے خُدا تو جو کلیسیاء میں موجود ہے، بیماروں کے ایمان کو اور زیادہ مضبوطی عطا کر، اور اپنی کلیساء کے سب مسیحیوں کو تفرقے جیسی بُرائی سے شفا عطا کر۔

## 22 جنوری جُمعہ                مقدس وِنسنٹ شماس شہید

عبرانیوں 8 : 6-13      زبور 84      مرقس 3 : 13-19

**پھر وہ پہاڑ پر چڑھ گیا۔    مرقس 3 : 13**

یسوع اپنے نجات بخش مشن کو جاری رکھنے کے لئے  بارہ شاگردوں کا چناؤ کرتا ہے۔ یہ انتخاب تمام انسانیت کے لئے بہت اہم ہے۔ اس مشن کی تکمیل کے لئے اُس نے کلوری کا کٹھن راستہ اختیار کیا اور یسوع کے  شاگردوں نے اُس کی مدد کی۔ آئیں ہم اُس کے دُکھوں میں شامل ہو کر تفرقے کو ختم کریں جو مقدسوں کی گواہی میں رُکاوٹ کا باعث بنتے ہیں۔

## 23 جنوری ہفتہ                مقدسہ ایمرنزیانہ

عبرانیوں 9 : 2-3,11-14      زبور 46      مرقس 3 : 20-21

**اُنہوں نے کہا، یہ دیوانہ ہو گیا ہے۔    مرقس 3 : 21**

ہمارے لئے نابینوں کے ساتھ رہنا آسان ہے، مگر خُداوند کا نظریہ زیادہ وسیع ہے۔ جب ہمارے پاس کوئی نئی چیز آتی ہے اور ہمیں حیرت زدہ کرتی ہے تو ہم اُسے جلدی سے ردی کی ٹوکری میں نہیں پھینکیں گے۔ ہم روشنی حاصل کرنے کے لئے دُعا کریں گے کہ شائد یہ خُدا ہی ہے جو چاہتا ہے کہ ہم  اپنے آپ اور اپنی انا سے باہر نکلیں تا کہ ہم یسوع کی طرح آزاد ہو کر ایک نئی سمت کی طرف گامزن ہوں۔

## 24 جنوری      سال کے دوران تیسرا اتوار      خدا کے کلام کا اتوار      مقدس فرانسس دی سیلز

تسالونیکیوں 3 : 1-5,10      زبور 24      1- کرنتھیوں 7 : 29-31      مرقس 1 : 14-20

**خُدا کی بادشاہی نزدیک آ گئی ہے۔    مرقس 1 : 15**

یسوع کے ساتھ ہم اُس کی کلیسیاء خوشی سے یہ اعلان کرتے ہیں کہ حقیقی بادشاہ، یسوع ہمارے درمیان ہے۔ اُس کی تابعداری کرنا حقیقی زندگی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے، یہ امن اور محبت کی راہ پر چلنا، اِیمانداروں کے درمیان اتحاد کی تکمیل میں مُتحرک تعاون ہے جیسا کہ ہم اِس ہفتہ میں دُعا کر رہے ہیں۔

## 25 جنوری سوموار        مُقدس پولوس رسول کی تبدیلی کی عید

رسولوں کے اعمال 22 : 3-16 یا رسولوں کے اعمال 9 : 1-22   زبور 116   مرقس 16 : 15-18

**تم تمام دُنیا میں جا کر ساری خلقت کو اِنجیل کی مُنادی کرو۔ مرقس 13: 15**

یہ وہ فرض ہے جو جی اُٹھے یسوع نے گیارہ رسولوں کو دیا، اور جسے مُقدس پولوس رسول نے جب وہ کلیسیاء کو ایذا دیتا تھا حاصل کیا۔ اور اس مشن کو اپنی پوری قوت سے سرانجام دیا، یہاں تک کہ اپنی جان کا نذرانہ بھی پیش کر دیا۔ یہی وہ منشور ہے جو مُجھے، آپ اور کلیسیاء کو یعنی مسیح کے بدن کے ہر ممبر کو دیا گیا ہے۔ مُقدس پولوس رسول ہیلیلو یاہ گا تا ہے اور ہمارے لئے دُعا کرتا ہے۔

## 26 جنوری منگل        مُقدس تیموتاؤس اور طیطس کی عید

2- تیموتاؤس 1 : 1-8 یا طیطس 1 : 1-5   زبور 95   لوقا 10 : 1-9

**ہمارے خُداوند کی گواہی دینے سے شرمندہ نہ ہو۔ 2- تیموتاؤس 1 : 8**

جب مَیں خوش ہوتا ہوں تو کوئی میری خوشی میں شریک نہ بھی ہو تو میری خوشی قائم رہتی اور ظاہر ہو جاتی ہے۔ اگر مَیں مسیح میں خوش ہوں اور وہ میری زندگی کو روشن کرتا ہے، تو میں اُسے کیوں چھپاؤں؟ اگر انتظار گاہوں میں اپنی جیب والی انجیل کھولتا یا سمارٹ فون سے انجیل کی تلاوت کرتا ہوں تو مَیں اپنے اِیمان کی خوشی کو بڑھا تا ہوں، یہاں تک کہ بغیر الفاظ کے یسوع مُجھے اپنے امن کا علمبردار بنا تا ہے۔ شرمندہ نہ ہو: یسوع آپ کو بھی بھیجتا ہے۔

## 27 جنوری بدھ        مقدسہ انجلا میرچی کنواری

عبرانیوں 10 : 11-18   زبور 109   مرقس 4 : 1-20

**شیطان آتا ہے اور اُس کلام کو جو اُن میں بویا گیا تھا اُٹھا لے جاتا ہے۔ مرقس 4 : 15**

جب گیہوں کا دانہ زمین میں بویا جاتا ہے تو اگر وہ زمین کی سطح پر رہے، تو نہ وہ اُگ سکتا ہے اور نہ ہی پھل لا سکتا ہے۔ اِسی طرح یسوع کا کلام جب دل میں بویا جاتا ہے تو اگر اُس کی لگاتار حفاظت نہ کی جائے تو وہ بے پھل رہتا ہے۔ سُستی، جلد بازی، انسانی عزت اور ٹیلی ویژن وغیرہ ایسی رکاوٹیں ہیں جن کے ذریعے شیطان ہمیں خُدا کا کلام محبت اور پیار سے سُننے سے روکتا ہے اور شیطان یہی چاہتا ہے۔

## 28 جنوری جُمعرات        مُقدس تھامس اکوائنس کی عید

عبرانیوں 10 : 19-25   زبور 23   مرقس 4 : 21-25

**جس کے سُننے کے کان ہوں وہ سُن لے۔ مرقس 4 : 23**

اے یسوع اُنہیں سُننے کے کان دے جنھوں نے ابھی تک تیری آواز نہیں سُنی! مَیں اپنی دُعا اُس قربانی کے ساتھ ملانا چاہتا ہوں جو تُو نے مُجھے سیکھائی اور جو باپ کو خوشی دیتی ہے۔ میں ہمیشہ کہوں گا ''میں حاضر ہوں''۔

## 29 جنوری جمعہ مقدس جوزف فرے اینا ڈیمٹس مقدس والیریو مقدس کوستانزو

عبرانیوں 10 : 32-39 زبور 36 مرقس 4 : 26-34

**تمہیں صبر کرنا ضروری ہے۔ مرقس 10 : 36**

مستقل مزاجی کے لئے فیصلے کرنے کی صلاحیت اور صبر کی ضرورت ہے۔ جب کسی کام کو کرنے کا فیصلہ کر لیا جائے تو مشکلات میں بھی جو ہم سے محبت کرتا ہے اُس پر بھروسہ رکھ کر وفادار رہنا چاہیے۔ جیسا کہ آج کی انجیل میں بیان کیا گیا ہے کہ صبر سے مُراد اُس پھل کا انتظار کرنا جو ابھی تک نہ دیکھا ہو، لیکن وہ موجود ہے اور بڑھ رہا ہے۔ ثابت قدمی ہمارے اِیمان کو مظبوطی اور پختگی عطا کرتی ہے۔

## 30 جنوری ہفتہ مقدسہ مارٹینا کنواری

عبرانیوں 11 : 1-2,8-19 زبور لوقا 1 : 68-75 مرقس 4 : 35-41

**تم خوفزدہ کیوں ہو؟ کیا ابھی تک ایمان نہیں لائے؟ مرقس 4 : 40**

جب طوفان آیا تو یسوع اپنے شاگردوں کے ساتھ کشتی میں سو رہا تھا۔ شاگرد خوفزدہ ہو کر یسوع کو مدد کے لئے جگاتے ہیں۔ یسوع اُن سے کہتا ہے: ''کیا تم ابھی تک ایمان نہیں لائے'' ہم بھی اکثر اُن شاگردوں کی طرح کمزور ایمان رکھتے ہوئے خوفزدہ ہو کر یسوع کو مدد کے لئے پُکارتے ہیں۔ اے روح القدس، ہماری مدد کر تاکہ ہم مشکل لمحات میں بھی اپنے ایمان میں مضبوط رہیں۔

## 31 جنوری سال کے دوران چوتھا اتوار مقدس جان باسکو

خروج 18 : 15-20 زبور 94 1-قرنتھیوں 7 : 32-35 مرقس 1 : 21-28

**اور لوگ اُس کی تعلیم سے حیران ہوئے ۔ مرقس 1 : 22**

یسوع باپ اور اُن لوگوں کے پیار کے لئے جو اُس کی سنتے ہیں، مُحبت سے بات کرتا ہے۔ سب لوگوں نے جانا کہ وہ صاحبِ اختیار کی طرح تعلیم دیتا ہے، اُسی پر بھروسہ کرتے ہوئے جو کائنات کا خالق ہے۔ جو لوگ مُحبت اور ایمان سے بات کرتے ہیں وہ لوگوں کو حیرت زدہ کرتے ہیں۔ یسوع مسیح کی تعلیم نئی ہے۔ اُس کے الفاظ نے روشنی، محفوظ زندگی کے لئے سمت اور طاقت دی ہے۔ اے یسوع تُو روح القدس سے بھرپور تھا، آج وہی روح کلیسیاء کے راہنماؤں کو عطا فرما تاکہ اِن کے الفاظ تیری عزیز بھیڑوں کو ہمیشہ کی زندگی کا کلام دے سکیں۔